Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۳ مطبوعہ روز شنبہ تاریخ ۶ محرم الحرام سنہ ۱۳۵۳ھ مطابق ۲۱ ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۴ء جلد ۲۶

حصہ دویم

خلاصہ احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۳
۲	" " صاحب ریونیو منسٹر بہادر	۳ تا ۵
۳	حکم " صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر	۵
۴	" " صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر	۶
۵	فہرست مقدمات ہائی کورٹ	۶ و ۷
۶	متفرق احکام سکریٹری صاحبان بہادر	۸ تا ۱۰
	نقشہ نرخ نامہ اجناس۔	[illegible]

(مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور)

احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر

پنشن

۱۰؍ اپریل ۱۹۳۴ء

مشمولہ کاغذات تحریرات صاحب آرمی منسٹر بہادر بسفارش عطائے پنشن چار چار روپیہ ماہوار بنام رندھیر سنگھ سابق سپاہی فرسٹ رامپور رضا انفنٹری و گردہاری سنگھ سابق سپاہی تھرڈ رامپور رضا انفنٹری ساکنان موضع آغاپور تحصیل حضور بصلہ خدمات جنگ عظیم۔

حکم

کاغذات ملاحظہ ہوئے منظوری عطائے پنشن مسمی رندھیر سنگھ و گردہاری سنگھ پیشگاہ ہمایوں سے ۱۷؍ دسمبر ۱۹۳۳ء و ۲۳؍ اکتوبر ۱۹۳۳ء کو ہو چکی ہے۔ تاریخ منظوری سے پنشن دیا جانا منظور ہے۔ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔ ایک نقل درج گزٹ کی جائے۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

بخدمت شریف جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

جناب من

کاغذات منسلکہ بابتہ عطائے پنشن رندھیر سنگھ و گردہاری سنگھ جناب سامی کی خدمت میں پیش ہیں۔ سپردنامبردگان کی عطائے پنشن کی منظوری بحکم اجلاس ہمایوں بتاریخ ۱۷؍ دسمبر ۱۹۳۳ء و ۲۳؍ اکتوبر ۱۹۳۳ء ہو چکی ہے۔ بروئے قواعد پنشن سپردنامبردگان پنشن فوجی پانے کے مستحق ہیں۔ کاغذات برائے منظوری اجرائے پنشن از تاریخ منظوری اجلاس ہمایوں پیش ہیں۔ احکام ضابطہ عطا فرمائے جائیں۔

نیازمند

(دستخط صاحب فنانس سکریٹری بہادر)

رخصت

۱۹؍ اپریل ۱۹۳۴ء

معہ تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر معہ تحریر صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل ظہری درخواست و نقشہ رخصت رعایتی دہ یوم سید محمد تقی صاحب چوسر باز ملازم صیغہ اسپورٹس مشاہرہ دار [illegible] ماہوار از ۲؍ لغایت ۱۲؍ اپریل ۱۹۳۴ء بغرض روانگی لکھنؤ بضرورت انتظام عشرہ محرم۔

حکم

آج یہ کاغذات پیش ہوئے۔

سید محمد تقی صاحب چوسر باز ۱۵ یوم کی رخصت ۷؍ اگست تا ۳۱؍ دسمبر ۱۹۳۳ء حاصل کر چکے ہیں جسکو ابھی چھ ماہ نہیں گذرے ہیں۔ اب وہ دہ یوم کی رخصت کی ۲؍ اپریل ۱۹۳۴ء سے خواستگار ہیں۔ لہذا بصورت خاص رخصت دہ یوم حسب تحریر صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر منظور کیجاتی ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب چیف منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب ریونیو منسٹر بہادر

رخصت

(واقع ۱۰ اپریل ۱۹۳۳ء)

ثبت یادداشت اکاونٹنٹ جنرل صاحب بابت تصدیق استحقاق رخصت رعایتی تین یوم۔ مرزا حامد حسن اہلمد اجلاس شاہرہ یاب تیس روپیہ از ۹ اپریل ۱۹۳۳ء

حکم

تین یوم کی رخصت رعایتی کا حق حاصل ہے لہذا مرزا حامد حسن اہلمد اجلاس کی رخصت سہ یوم ۹ اپریل سے ۱۱ اپریل تک منظور ہے۔ دیگر اہلمدان اجلاس کام کے ذمہ دار رہیں گے۔ احکام جاری ہوں۔

(دستخط صاحب ریونیو منسٹر بہادر)

برخاستگی

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۳۳ء

رپورٹ صاحب فائنانس سکریٹری بہادر منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب افسر بہادر انچارج فائنانس)

تحریر صاحب فائنانس سکریٹری بہادر مورخہ ۱۰ اپریل ۱۹۳۳ء بخدمت شریف جناب صاحب ریونیو منسٹر بہادر

جناب من!

سلسلہ غبن مطالبات فوج منشی سید ناصر علی اہلمد صیغہ ۲۰ نومبر ۱۹۳۲ء سے زیر حراست پولیس کرتے گئے۔ اور ضمانت پر رہا ہوگئے۔ بتحریک نیاز مند صاحب فائنانس منسٹر بہادر سابق نے اہلمد مذکور کو معطل کر دیا۔ خیال تھا کہ انفصال مقدمہ پر برخاستگی کا حکم دیا جائے گا۔ اگرچہ برخاستگی کے حکم کا دارومدار انفصال مقدمہ پر نہ تھا۔ مقدمہ ہنوز جاری ہے۔ کام میں رکاوٹ کیوجہ سے انکی جگہ کا انتظام ۱۵ اپریل ۱۹۳۳ء سے کر دیا گیا۔ ضرورت ہے۔ کہ ناصر علی اہلمد کی برخاستگی کا حکم صادر فرما دیا جائے۔ تاریخ معطلی سے برخاستگی شمار ہوگی۔ چونکہ ناصر مذکور کی تنخواہ اٹھائیس روپیہ تھی۔ اس وجہ سے جناب عالی کی خدمت میں تصدیعہ دیا گیا۔

جس شخص کا تقرر اسکی جگہ پر کیا گیا ہے۔ اسکو صرف پچیس روپیہ ماہوار دئے گئے ہیں۔ تین روپیہ کی بچت متعلق صیغہ انکا نہ طور پر کاغذات جناب کی خدمت میں ارسال ہیں اہلمد مذکور قانونی حیثیت سے ماخوذ ہے۔ اسکے ساتھ ڈپٹی متعلقہ سید مولوی محمد انتظامی حیثیت سے ماخوذ ہیں۔ ان کی لاپرواہی سے غبن ممکن ہوا۔ اور یہاں تک کہ یہ غبن کاغذات جو ڈپٹی کی نظر سے گذرنے چاہئے تھے۔ وہ اسوقت تک معدوم ہیں۔ اڈیٹر مذکور ڈاکٹری سرٹیفکٹ دیکر تا اینددم رخصت پر ہیں۔ ناصر مذکور تین رسیدوں اور بہت سے اور رجسٹر جو معلوم ہوگیا ہے کہ اب اوسکا ارادہ واپسی کا نہیں۔ خیال تھا کہ انفصال مقدمہ ناصر علی کے ساتھ ان کیلئے بھی برخاستگی کا حکم جاری کر دیا جائیگا۔

مگر مقدمہ ہنوز پیشی میں ہے۔ کام میں نہایت دشواری ہے اور محکمہ فوج کی جانچ میں بجائے اصلاح کے ابتری پیدا ہو رہی ہے۔ اب ان کی جگہ پر دوسرے شخص کا تقرر

ملتوی نہیں رکھا جا سکتا۔ اڈیٹر مذکور کی رخصت بوضع نصف تنخواہ ۱۰ اپریل ۱۹۳۳ء تک منظور کی جا چکی ہے مستدعی ہوں کہ ۳ اپریل سے اس کی برخاستگی کا حکم صادر فرما دیا جائے۔ اسکی جگہ کیلئے ایک نہایت تجربہ کار و کارکردہ شخص کی سفارش منظوری کیلئے علیحدہ پیش کی جائیگی۔ فی الحال بلا ربط تنخواہ رخصت زائد کی دی جانا موقوف ہو جائیگا۔ فقط

دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

انتظام اسٹیشنری

(۱۹ اپریل ۱۹۳۳ء)

آغاز بجٹ ۱۹۳۴-۳۵ء سے سرکاری پریس سے جملہ صیغہ جات ریاست کیلئے اسٹیشنری فراہم کئے جانے کا انتظام کیا ہے ہر ایک صیغہ اپنی ضروریات اسٹیشنری بجائے شہر کی دوکانات سے خریدنے کے پریس سرکاری سے حاصل کریگا۔

اس میں سرکاری نفع اور اسلوب انتظام دونوں متصور ہیں بجٹ کی کانپیاں دیکھنے سے واضح ہوا کہ جملہ صیغہ جات ریاست کیلئے مد اسٹیشنری لغایت ۔۔۔ کی رقم منظور ہوئی ہے علاوہ اس قسم کے جمع فارم اور سائر خرچ الغایت ۔۔ کی رقوم میں بھی اسٹیشنری کا خرچ شامل ہے۔ آئندہ بجٹ کے تحت میں خرید اسٹیشنری سے پرہیز فرمایا جائے۔ البتہ بقدر ضروریات فوری زائد از زائد آخر ماہ مئی ۱۹۳۳ء تھوڑی مقدار میں خرید اسٹیشنری بذات خود کیجا سکتی ہے۔

۲ - بعض صیغہ جات میں سائر خرچ کی رقوم جزو وار مندرج ہوکر مجرا ہوتی ہیں جو اہلکاران کو بعد مجرائی بطور نقدی تقسیم ہوتی ہیں۔ آئندہ کیلئے ضروری ہوگا کہ رقوم سائر خرچ نقدی سے تقسیم نہ ہوں بلکہ تعین اشیاء اسٹیشنری ہوکر تقسیم سامان اسٹیشنری رقم مقررہ حد کے اندر ہوا کرے۔ نقد رقم کسی کو نہ دیجائے۔ ہر اہلکار کو جو سائر خرچ کی رقم ابتک ملتی رہی ہے ظاہر ہے کہ وہ اشیاء اسٹیشنری کی قیمت نرخ بازار کو اندازہ ہوکر دیجاتی ہے مثلاً کسی اہلکار کو مواز نئی روپیہ ماہوار سائر خرچ ملتا تھا یہ رقم خرید ہولڈر پنسل کاغذ نب وغیرہ میں صرف ہوتی تھی ضرورت ہے کہ تفصیل اشیائے خرید شدہ از سائر خرچ صیغہ جات متعلقہ میں مرتب ہو جائے تاکہ اسکے مطابق اسٹیشنری کا اجرا ہو۔ یہ تفصیل ان فہرستوں کی خزانہ میں بھیجی جائیگی جہاں وہ یکجائی طور پر مرتب ہو جائیگی مئی ۱۹۳۴ء میں سائر خرچ کا مطلوبہ رقم حسب دستور موجود رہیگا۔

۳ - سال گذشتہ کے مصارف اور بجٹ منظور شدہ سال حال کا اندازہ کرتے ہوئے جسقدر صرفہ مختلف اشیائے اسٹیشنری کا متصور ہو اوس سے تفصیلاً فوراً صیغہ فائنانس سکریٹری بہادر کو جملہ صیغہ جات انفرادی حیثیت سے مطلع کریں تاکہ اوس کے مطابق یکجائی خرید کیجائے۔ ادنیٰ اور اعلیٰ کل قسم کی اسٹیشنری شامل کیجائے اور اگر ضرورت بھی جائے تو نمونہ جات منسلک کر دئے جائیں۔ نمونہ منسلک کرنیکی ضرورت اسی حالت میں ہوگی جب کسی خاص قسم کی اسٹیشنری مطلوب ہو ورنہ معمولی ضروریات دفتر کے مطابق اشیائے مطلوبہ کی کوالٹی متصور ہوگی۔ صیغہ جات اپنے منظور شدہ بجٹ کے تحت میں سپلائی ڈپو سے اسٹیشنری حاصل کرتے رہینگے۔ اور اس بارہ میں تفصیلی قواعد جلد از جلد طے کئے جائینگے۔

حکم ہوا کہ

جملہ منسٹر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر
کی خدمت مرسل ہو کر ضد بیہ دیا جائے کہ براہ کرم
صیغہ جات ماتحت کو اطلاع دیجائے کہ حسب
صراحت بالا عملدرآمد کیا جائے۔ اور فہرستہائے
مطلوبہ آئندہ ماہ کے پہلے ہفتہ میں صاحب فنانس
سکریٹری بہادر کی خدمت میں بھیجدی جائیں ایسی
تاخیر نہ کیجائے۔ سائر خرچ کی نقد قسم کسی کو
نہ ملے بلکہ حسب صراحت بالا تقسیم سامان اسٹیشنری
ہوا کرے۔

حکم ہوا کہ ایک نقل صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل
کی خدمت میں۔ اور ایک نقل منیجر پریس کے پاس
مرسل ہو ایک نقل درج گزٹ کیجائے۔

دستخط صاحب منسٹر بہادر انچارج صیغہ فنانس

حکم اجلاس صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر

رخصت

۱۴ اپریل ۱۹۳۳ء

مثل یادداشت اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب بابت
تصدیق استحقاق رخصت رعایتی چار یوم
کوثر حسین مدرس تنخواہ [illegible] از ۱۰ اپریل

حکم

حسب رپورٹ انسپکٹر صاحب مدارس و تصدیق
اکاؤنٹنٹ آفس کوثر حسین مدرس اول مدرسہ مقبرہ
کو رخصت رعایتی ۴ یوم از ۱۰ اپریل تا ۱۳ [illegible]
بہ نصف تنخواہ منظور ہے مشتہر ہونے کے بعد احکام ضابطہ
جاری ہوں۔ (دستخط صاحب پولیٹیکل منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب ہوم و جوڈیشل منسٹر بہادر

رخصت

واقع ۱۴ اپریل ۱۹۳۳ء

حسب تحریر صاحب منسٹری سکریٹری بہادر و تصدیق [illegible]
اکاؤنٹنٹ جنرل مرزا علی الدین چپراسی تنخواہ دار پولیس [illegible]
ماہوار کی رخصت رعایتی ایک ماہ [illegible]
[illegible] ۱۹۳۳ء بغرض روانگی حیدرآباد منظور ہو [illegible]
[illegible] احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم و جوڈیشل منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائی کورٹ [illegible]
واقع [illegible]
باجلاس [illegible] چیف جسٹس
فہرست پیشی مقدمات عدالت العالیہ ہائی کورٹ

من ابتداء [illegible] اپریل [illegible] لغایت [illegible]
[illegible] اپریل [illegible]
[illegible]
[illegible] صاحب چیف جسٹس [illegible]

تاریخ	دن	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
[illegible] اپریل [illegible]	جمعہ	مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر	لالہ [illegible] رتن بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوے [illegible] زر قرضہ	تعطیل؛ برائے سماعت [illegible] سنہ حال مقرر ہوئی
،،		مسٹر [illegible] صاحب بہادر چیف جسٹس و مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر	گوپی چند بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوے زر کرایہ	برائے سماعت ۳۰ اپریل سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	،،	[illegible] بنام گوپی چند	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	برائے سماعت [illegible] اپریل سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر	کنیز بیگم بنام [illegible] خان وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تقسیم [illegible]	برائے سماعت [illegible] سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	،،	[illegible] بنام عبد اللطیف وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تقسیم [illegible]	برائے سماعت [illegible] سنہ حال مقرر ہوئی
،،	،،	مسٹر جسٹس عبد العزیز انصاری صاحب بہادر	[illegible] بنام [illegible]	[illegible] دعوی [illegible]	[illegible] ڈگری [illegible] اپیل منظور ہوا [illegible] میں ترمیم کی گئی
[illegible]		[illegible]	[illegible] بنام [illegible]	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	[illegible]

[illegible]	[illegible]	مسٹر [illegible] بہادر	[illegible] بنام مسماۃ [illegible]	ابتدائی [illegible] جرم دفعہ [illegible]	زیر پیشی
،،	،،	،،	[illegible] بنام [illegible] وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible]	زیر پیشی
،،	،،	مسٹر جسٹس [illegible] صاحب بہادر	[illegible] بنام [illegible] وغیرہ	ابتدائی دیوانی دعوی [illegible]	زیر پیشی
،،	[illegible]	،،	[illegible] بنام منشی [illegible]	اپیل دیوانی دعوی [illegible]	بشمول عدم پیروی [illegible]
،،	،،	مسٹر [illegible] بہادر چیف جج	[illegible] بنام [illegible]	نگرانی فوجداری [illegible] دفعہ [illegible]	زیر پیشی
،،	،،	،،	[illegible] بنام [illegible]	نگرانی فوجداری [illegible] دفعہ [illegible]	نگرانی [illegible] منظور [illegible]
،،	[illegible]	مسٹر [illegible] صاحب بہادر	[illegible] وغیرہ بنام [illegible] وغیرہ	درخواست [illegible] ڈگری	[illegible] ڈگری [illegible] درخواست [illegible]

[illegible]

[illegible] جسٹس بہادر

احکام اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

تاکید روانگی حسابات

(واقع ۱۳ اپریل ۱۹۳۲ء)

قبل ازیں باجرائے احکام جملہ صیغہ جات کو اطلاع دیجا چکی ہے کہ ۱۰ اپریل تک جملہ حسابات مرتب ہو کر آڈٹ پہنچ جائیں لیکن حسابات اب تک موصول ہو رہے ہیں۔ حالانکہ ضرورت تھی کہ جملہ حسابات ۱۰ اپریل تک آڈٹ آجاتے۔ اب جملہ حسابات کی جلد از جلد آجانے کی ضرورت ہے۔ اگر حسابات تاخیر سے موصول ہونگے۔ تو وہ اس سال کے بجٹوں سے مجرا نہیں دیے جائینگے بلکہ سال آئندہ کے بجٹوں سے انکی مجرائی کیجائے گی۔ جس کی ذمہ داری صیغہ جات پر عائد ہوگی۔ فقط۔

حکم ہوا کہ

باجرائے احکام جملہ افسر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر کی خدمت میں تصدیعہ دیا جائے کہ براہ کرم حسابات جلد از جلد ارسال فرما دیے جائیں۔

ایک نقل صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل کی خدمت میں مرسل ہو۔ اور ایک نقل درج گزٹ ہو۔

(دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر)

تاکید نسبت وصولیابی تنخواہ

(واقع ۱۳ اپریل ۱۹۳۲ء)

قبل ازیں باجرائے احکام اطلاع دیجا چکی ہے کہ سو روپے سے کم تنخواہ پانے والے ملازمین کی تنخواہ اکاؤنٹ آفس سے روانہ ہوگی اور سو روپیہ اور اس سے زیادہ تنخواہ پانے والے صیغہ جات کی تنخواہ باجرائے چک بنک سے دلائی جائے گی۔ اس سلسلہ میں ضرورت ہے کہ جملہ وہ ناظران اجلاس و اہلکاران جو اب تک خزانہ سے رقوم تنخواہ وصول کرتے تھے۔ ان کو ۲۰ اپریل کو اکاؤنٹ آفس بھیجا جائے تاکہ انکو چک رقوم تنخواہ سو روپیہ سے کم تنخواہ پانے والوں کا دیدیا جائے۔ رسید وصولیابی چک دستخطی افسر صیغہ ناظران کو اپنے ہمراہ لانا چاہئے۔

سو روپے یا اس سے زیادہ تنخواہ پانے والوں کا بھی چک دیا جائے گا۔ اس کے لئے بھی ناظران اجلاس کو افسران صیغہ ۲۰ اپریل کو بھیجدیں۔

مع رسید دستخطی چک ناظران کو آنا چاہئے۔

حکم ہوا کہ

باجرائے احکام جملہ افسر صاحبان بہادر و سکریٹری صاحبان بہادر کی خدمت میں تصدیعہ دیا جائے کہ براہ کرم حسب صراحت بالا انتظام فرما دیا جائے۔ اور افسران کے دستخطوں کے نمونے جو قبل ازیں طلب کئے گئے ہیں وہ بھی علیحدہ کاغذ پر جلد از جلد بلحاظ تعطیل ارسال فرما دیے جائیں تاکہ بنک کو ارسال کر دیے جائیں اور کسی قسم کی دقت نہ واقع ہو۔ ایک نقل صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل کی خدمت میں مرسل ہو۔ ایک نقل درج گزٹ ہو۔ ناظر اجلاس کو بھی اطلاع ہو۔

(دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر)

تاکید روانگی برآورد

واقع ۱۹ اپریل

قبل ازیں بذریعہ احکام اطلاع دی گئی تھی کہ ... صیغہ جات سے برآورد بابت ماہ اپریل کو ۴ اپریل تک اکاؤنٹ آفس میں بھیجدیا کریں مگر دریافت سے معلوم ہوا کہ اکثر صیغہ جات کی اب تک برآوردیں نہیں آئی ہیں حالانکہ درمیان میں ایک روانگی بھی ہو چکی ہے برآوردیں نہیں آئی تھیں جا چکی ہیں ... ان احکام کو ہدایت فرما دیجائے کہ فوراً برآوردیں ... صاحب اکاؤنٹ جنرل بھیجدیں ... اس بارہ میں ... روانگی ہے صیغہ جات کو اس بارہ میں خود خیال ... رکھنا چاہیئے۔

... صیغہ جات سے ... جمع خرچ بھی ... طلب ہیں ... یادداشت ... اعتراض ... واپس ... ہو جاتے ہیں تو تکمیل میں دیر لگے گی۔ ما بعد ... ان کی تکمیل ہونی کی حاجت ہے۔ لہذا چند صیغہ جات کے ... کاغذ جمع خرچ اکاؤنٹ آفس آ جائیں تو جمع خرچ ... تکمیل ... اکاؤنٹ آفس ہی میں کر دیں یا صیغہ ضروری ... بالا کے احکام حاصل کر لیں۔

... احکام ... صاحبان بہادر و سکریٹری بہادر کی ... تصدیق دیا جائے کہ براہ کرم حسب صراحت بالا جلد ... فرما دیا جائے ایک نقل صاحب اکاؤنٹنٹ جنرل ... اور ایک نقل منیجر صاحب پریس کے پاس ... ایک نقل ... گزٹ ہو۔ ناظر اجلاس بھی مطلع ہوں۔

دستخط صاحب ... سکریٹری ...

احکام اجلاس صاحب چیف انجینیر بہادر

رخصت
نمبر ۱۱
واقع ۱۵ اپریل

مثل یادداشت انجینیر صاحب روشنی برقی بابت منظوری رخصت رعایتی ... عبد الباری ... اسسٹنٹ ... شیفون ... تنخواہ ... اپریل

حکم

حسب سفارش انجینیر صاحب روشنی برقی و بعد تصدیق اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب منشی عبد الباری خاں ... شیفون ... کو ... ماہوار کی رخصت رعایتی ... یوم تاریخ ... سے منظور کی جاتی ہے انجینیر صاحب اپنی تحریر کے مطابق ... کا انتظام ... فرما دیں۔ کاغذات ... احکام ... خدمت ... سکریٹری صاحب ...

دستخط صاحب چیف انجینیر بہادر

رخصت
نمبر ...
واقع ۱۹ اپریل

مثل یادداشت انجینیر صاحب روشنی برقی ... کہ عبد الغفور ... ملازم ... تنخواہ ... ماہوار کی رخصت رعایتی ایک ہفتہ از ... اپریل منظور فرمائی جائے۔ نامبردہ رخصت سے مستفید ہو کر حاضر ڈیوٹی ہو گیا۔ اکاؤنٹ آفس سے کاغذات بعد تصدیق ۱۲ اپریل ... کو واپس آئے ہیں براہ کرم اس کے متعلق اکاؤنٹ آفس کو تحریر فرما دیا جائے کہ درخواستہائے رخصت بعد تصدیق جلد واپس کی جایا کریں۔

حکم

حسب سفارش انجینیر صاحب روشنی ...

جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب کی عبد الغفور رنگریز کی رخصت رعایتی ایک ہفتہ بوجہ علالت ۳ اپریل ۱۹۳۴ء سے منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات بذا بغرض اجرا احکام ضابطہ ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر کی خدمت میں مرسل ہو۔

دستخط صاحب چیف انجینیر بہادر

رخصت

واقع ۱۹ اپریل ۱۹۳۴ء

مثبتہ یادداشت اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب بابتہ تصدیق استحقاق رخصت رعایتی آٹھ یوم کمال الدین نائب علاقہ دار تحصیل نانکہ تنخواہ دار پچیس روپیہ ماہوار از ۲ اپریل ۱۹۳۴ء۔ مرسلہ انجینیر صاحب امارہ۔

حکم

یہ کاغذات آج پندرہ اپریل ۱۹۳۴ء کو بعد انقضاء میعاد رخصت مطلوبہ دفتر ہذا میں آئے ہیں۔ نائب علاقہ دار کا یہ خاص قصور ہے کہ اس آٹھ یوم کی رخصت رعایتی کیلئے اسکی درخواست ۲ اپریل ۱۹۳۴ء کو صرف ایکروز پیشتر دفتر امارہ میں دیگئی ہے جو خلاف حکم ۱۹۳۳ء حصول رخصت کے متعلق بابت ۲۰ فروری ۱۹۳۳ء باجرا احکام سررشتہ صدر و باندراج گزٹ مطبوعہ ۲۰ فروری جملہ ملازمان صیغہ جات کو برائے عملدرآمد اطلاع دیجاچکی ہے۔ لہذا یہ آٹھ یوم کی رخصت رعایتی ۲ اپریل ۱۹۳۴ء سے بوضع تنخواہ منظور کیجاتی ہے۔ کاغذات ہذا بغرض اجراء احکام ضابطہ بخدمت ڈپٹی سکریٹری صاحب صدر مرسل ہوں۔

دستخط صاحب چیف انجینیر بہادر

حکم اجلاس صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

معطلی

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۳۴ء

مرزا احمد علی بیگ انسپکٹر حلقہ شمالی و محمود علی ہیڈ محرر کو آج کی تاریخ سے معطل کیا جاتا ہے۔ دونوں کے خلاف دفعہ پولیس ایکٹ کی کارروائی کیجاوے۔ انسپکٹر صاحب حلقہ شہر سے باہر بلا خاص اجازت ہماری کہیں نہیں جاسکتے صبح و شام کو انسپکٹر صاحب لائن میں حاضر ہو کر روزنامچہ عام میں آمد درج کرینگے اور ہمکو و میجر صاحب بہادر کو اپنا پتہ مکان شہر کا دینگے تاکہ ہم انکو عند الضرورت طلب کر سکیں۔ ہیڈ محرر لائن میں حاضر رہیگا اور بغیر اجازت میجر صاحب بہادر لائن سے نہیں جاسکتا۔ احکام ضابطہ صدر سے اجرا ہوں اصل واپس پولیس ہو خزانچی پولیس و انسپکٹر صاحب و ہیڈ محرر معطل شدہ کو اطلاع دیجاوے۔

دستخط صاحب ڈپٹی انسپکٹر جنرل بہادر پولیس

نقشہ اجناس ریاست رامپور سن ابتدائے

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۰	۱۰۱۲ ار	۱۰۱۴ ار	۱۰۱۲ ۱۲۳ / ۱۰۱۴ ار	۱۱۴ ۱۱۵ ار	۱۱۴ ار / ۱۱۶ ار	
نخود خاص	۰	۱۰۱۸ ار	۲۰ ار	۱۹ ار	۱۱۹ ار	۱۱۷ ار	
نخود کتہ آمیز	۰	۲۰ ار	۲۱ ار	۲۰ ار	۲۰ ار	۱۹ ار	
کتہ	۰	۱۰۲۲ ار	۲۲ ار	۲۱ ار	۲۳ ار	۲۰ ار	
ماش	۰	۱۱۴ ار	۱۱۲ ار	۱۱۳ ار	۱۱۲ ار	۱۱۳ ار	
مونگ	۰	۱۱۳ ار	۰	۰	۱۱۳ ار	۱۱۲ ار	
منگا	۰	۰	۰	۰	۲۰ ار	۱۱۸ ار	
جئی	۰	۰	۲۳ ار	۰	۲۳ ار	۲۲ ار	
گوجئی	۰	۰	۰	۰	۲۳ ار	۲۰ ار	
عدس	۰	۱۱۸ ار	۱۱۸ ار	۱۱۸ ار	۱۱۸ ار	۱۱۶ ار	
ارہر	۰	۱۱۷ ار	۰	۰	۱۱۲ ار	۱۱۶ ار	
برنج	۰	۸ ار و ۹ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۱۰ ار	۱۰۱۰ ار	
روغن زرد	۰	ـہ ۲ چھٹانک	۲ چھٹانک	ـہ ۲ ار	۲ چھٹانک	ـہ ۲ چھٹانک	
روغن سیاہ	۰	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۳ ار	۱۰۳ ار	
روغن کنجد	۰	۳ ار	۱۰۳ ار	۱۰۳ ار	۳ ار	۱۰۳ ار	
نمک سانبھر	۰	۹ ار	۱۰۸ ار	۹ ار	۱۰ ار	۱۰۹ ار	
نمک لاہوری	۰	۸ ار	۶ ار	۷ ار	۰	۸ ار	
قند سیاہ	۰	۸ ار و ۹ ار	۹ ار	۹ ار	۱۰۸ ار	۱۰ ار	
باجرہ	۰	۰	۰	۰	۰	۰	

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور